نیو یارک اسٹیٹ

کرائے کی ایمرجنسی معاونت کا پروگرام

کرایہ داروں کے لیے معلومات – دستاویزات کی چیک لسٹ

کرائے کی ایمرجنسی معاونت کا پروگرام (Emergency Rental Assistance Program) ان اہل گھرانوں کی مدد کرتا ہے جنہوں نے اپنا پچھلا کرایہ ادا نہ کیا ہو اور جن کو COVID-19 کی وجہ سے مالی مشکلات کا سامنا ہو نیز وہ بے گھری یا رہائش کے عدم استحکام کے خطرے سے دوچار ہوں۔

درخواست دیتے وقت، کرایہ داران کا مندرجہ ذیل فراہم کرنا ضروری ہے:

- بنیادی درخواست دہندہ (درخواست پر دستخط کرنے والا فرد) کی **ذاتی شناخت**۔ شناخت کی قابل قبول صورتوں میں مندرجہ ذیل جیسے آئٹمز شامل ہیں: تصویری ID، ڈرائیونگ لائسنس یا نان ڈرائیور حکومت کی طرف سے جاری کردہ ID، پاسپورٹ، EBT/Benefits Issuance کارڈ، پیدائش کا سرٹیفکیٹ یا اسکول رجسٹریشن۔
- گھرانے کے کسی بھی ایسے ممبر کا **سوشل سیکورٹی نمبر** جسے اس کا اجراء کیا گیا ہو۔ **پروگرام کے لیے اہل قرار پانے کی خاطر قانونی امیگریشن کی حیثیت ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔**
- **کرایہ کی رقم کا ثبوت**، دستخط شدہ لیز، چاہے میعاد ختم ہو چکی ہو۔ اگر کوئی لیز دستیاب نہیں ہے تو ثبوت کرایہ کی رسید، منسوخ شدہ چیک یا منی آرڈر کے ذریعے دکھایا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی دستاویزات دستیاب نہیں ہیں تو مکان مالک کی تصدیق قبول ہو جائے گی۔
- **رہائش اور کرایہ داری کا ثبوت** – دستخط شدہ لیز، کرایہ کی رسید، یوٹیلٹی بل، اسکول ریکارڈز، بینک اسٹیٹمنٹ، درخواست دہندہ کے نام کے ساتھ پوسٹل میل، انشورنس بل یا ڈرائیونگ لائسنس۔ ثبوت حالیہ ہونا چاہیے۔
- **آمدنی کا ثبوت:**
    - پچھلے مہینے کے لیے **ماہانہ آمدنی دکھانے والی دستاویزات** جیسے تنخواہ کی رسیدیں، بینک اکاؤنٹ ڈپازٹ کی توثیق، بیروزگاری کے فوائد کا خط یا کوئی اور ثبوت۔

      یا

    - **2020 کے لیے سالانہ آمدنی دکھانے والی دستاویزات**، جیسے آجر کی طرف سے W-2 ٹیکس فارم، کمائیوں کی سالانہ اسٹیٹمنٹ یا مکمل شدہ آمدنی کے ٹیکس ریٹرن کی نقل جیسے 1040، EZ1040، 1099 ٹیکس فارم یا 2020 کی سالانہ آمدنی کا کوئی اور ثبوت۔
    - کچھ مخصوص صورتوں میں تحریری اور دستخط شدہ آمدنی کی اسٹیٹمنٹ کے ذریعے از خود تصدیق کی اجازت ہے جن میں کوئی دستاویز دستیاب نہ ہو جیسے مخصوص ذاتی روزگار۔
- اگر اسی کرایہ کے یونٹ کے یوٹیلٹی بقایا جات ادا کرنے میں مدد کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو **گیس یا بجلی کے یوٹیلٹی بل کی نقل۔**

درخواست دہندگان کو اس بات کی تصدیق کرنے کا کہا جائے گا کہ 13 مارچ، 2020 کو یا اس کے بعد، گھرانے کے کسی ممبر کو بالواسطہ یا بلاواسطہ COVID-19 کی عالمی وبا کے باعث بیروزگاری کی مراعات موصول ہوئی ہیں **یا** آمدنی میں کمی کا سامنا ہوا ہے یا پھر خاطر خواہ اخراجات یا مالی مشکلات کا سامنا ہوا ہے۔ درخواست دہندہ کو درخواست کے فارم اور وابستہ اسناد پر دستخط کرنے ہوں گے جو اس بات سے اتفاق کرنے کا اقرار کرتے ہیں کہ درخواست میں فراہم کردہ معلومات درست ہیں۔